© rasailojaraid.com



مطالعہ کی میز پر

محمد رمضان یوسف سلفی

# تبصرہ کتب

نام کتاب: حیاتِ نذیر

مصنف: ملک عبدالرشید عراقی

صفحات: قیمت: 120 روپے صرف

ناشر و ملنے کا پتہ: کتاب سرائے الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور۔

شیخ الکل میاں نذیر حسین محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا شمار انیسویں صدی عیسوی کے جلیل القدر علماء اور مدرسین میں ہوتا ہے۔ اس عظیم المرتبت عالمِ دین نے کم وبیش ۷۰ سال حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا درس دیا اور سینکڑوں طلباء کو اپنے تبحر علمی سے مستفید فرمایا۔ ان کے تلامذہ کی فہرست بڑی طویل ہے۔ اس میں مدرس بھی ہیں۔ خطیب بھی اور مصنف بھی اور لطف کی بات یہ کہ میاں صاحب کے تلامذہ میں بڑے بڑے نامی گرامی علماء ہیں جنہوں نے اس خطہ ارض میں اپنے علم وعمل سے دین اسلام کے لیے بڑی گرانقدر خدمات سرانجام دی اور نیک نام ہوئے۔

حضرت میاں صاحب کی دینی وعلمی خدمات کا دائرہ بڑا وسعت پذیر تھا۔ انہوں نے صحیح معنوں میں مسند ولی اللہی کی حفاظت کی اور اپنے استاد حافظ محمد اسحاق دہلوی مرحوم کی مسند پر جلوہ افروز ہوکر پوری طرح ان کی جاں نشینی کا حق ادا کیا۔ حضرت میاں صاحب برصغیر میں پہلے عالم دین تھے جنہوں نے مرزا غلام احمد قادیانی کے خلاف فتویٰ تکفیر جاری کیا۔ یہ چیز جہاں جماعت اہل حدیث کی اولیات میں شامل ہے، وہیں حضرت میاں



© rasailojaraid.com